PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 19 اپریل 2024ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان 21 اپریل 2024ء کو منعقد ہونے والے ضمنی انتخابات میں حصہ لینے والی تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کو مطلع کرتا ہے کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کی سیکشن 182 کے مطابق آج 19 اپریل کی شب 12 بجے کے بعد کوئی بھی شخص کسی بھی جلسے، جلوس، کارنر میٹنگ یا اس نوعیت کی سیاسی سرگرمی کا نہ تو انعقاد کرے گا اور نہ ہی اس میں شرکت کرے گا۔کوئی بھی شخص جو قانون کی مذکورہ بالا شق کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔مذکورہ بالا وقت کے بعد سیاسی مہم، اشتہارات و دیگر تحریری مواد جس سے کسی خاص سیاسی جماعت یا امیدوار کی حمایت یا مخالفت کا شبہ ہو، کی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر تشہیر پر پابندی ہے۔میڈیا پولنگ کے اختتام کے ایک گھنٹہ گذرنے کے بعد انتخابی نتائج نشر کر سکتا ہے جس میں واضح طور پر بتایا جائے گا کہ یہ غیر حتمی و غیر سرکاری نتائج ہیں۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING